| Centre Number | | | | | | Candidate Number | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Surname | | | | | | | | | | |
| Other Names | | | | | | | | | | |
| Candidate Signature | | | | | | | | | | |

| For Examiner's Use | |
|---|---|
| Examiner's Initials | |
| Page | Mark |
| 2/3 | |
| 4/5 | |
| 6/7 | |
| 8/9 | |
| 10/11 | |
| 12/13 | |
| 14/15 | |
| 16/17 | |
| 18/19 | |
| TOTAL | |

General Certificate of Secondary Education
Higher Tier
June 2011

# Urdu

# 46452H

## Unit 2 Reading

# H

**Wednesday 8 June 2011 9.00 am to 9.50 am**

**You will need no other materials.**

**Time allowed**
- 50 minutes

**Instructions**
- Use black ink or black ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Answer **all** questions.
- You must answer the questions in the spaces provided. Do not write your answer outside the box around each page or on blank pages.
- Answer the questions in **English**.
- Do all rough work in this answer book. Cross through any work you do not want to be marked.

**Information**
- The marks for questions are shown in brackets.
- The maximum mark for this paper is 45.
- You must **not** use a dictionary.

Do not write outside the box

Answer **all** questions in **English** in the spaces provided.

**1** You come across these warning signs in various locations in Islamabad.

| | | |
|---|---|---|
| **Example** | A | ہمارے یہاں ہر قسم کے ایشیائی اور یورپی کھانے ملتے ہیں |
| | B | خبردار! پنجروں سے دُور رہیں اور جانوروں کو کھانا مت ڈالیں |
| | C | والدین اپنے چھوٹے بچوں کو جھولے پر اکیلا نہ چھوڑیں |
| | D | آگے بہت خطرناک موڑ ہے۔ رفتار کم کریں |
| | E | خطرہ! یہاں تیرنا منع ہے |
| | F | گاڑی کھڑی کرنے کے بعد اس پر ٹکٹ لگانا مت بھولیے |
| | G | وقت کی پابندی کریں۔ ریل گاڑیاں کسی کا انتظار نہیں کرتیں |
| | H | پھول پارک کی خوبصورتی ہوتے ہیں۔ انہیں مت توڑیے |
| | I | ایک وقت میں صرف دو لوگ مریض سے ملاقات کر سکتے ہیں |
| | J | جہاز میں سفر کے دوران ہر وقت اپنی حفاظتی پیٹیاں باندھے رکھیں |
| | K | خاموش رہیے۔ لوگ پڑھنے میں مصروف ہیں |

Do not write outside the box

Where do these signs appear?

Write the letter of the correct answer for each location in the boxes below.

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Example** | Restaurant | **A** | |
| **1 (a)** | Hospital | | *(1 mark)* |
| **1 (b)** | Lake | | *(1 mark)* |
| **1 (c)** | Zoo | | *(1 mark)* |
| **1 (d)** | Car Park | | *(1 mark)* |
| **1 (e)** | Train Station | | *(1 mark)* |
| **1 (f)** | Library | | *(1 mark)* |
| **1 (g)** | Road | | *(1 mark)* |

**7**

**Turn over ▶**

Do not write outside the box

**2** This is Nasir's first e-mail to his friend in England.

Read it carefully and answer the questions given below.

**E-mail message**

میری عمر پندرہ سال ہے اور میں دسویں جماعت میں پڑھتا ہوں۔ میرے
والد ایک کپڑے کے کارخانے میں کام کرتے ہیں اور میری والدہ ایک نرس
ہیں۔ میرے دو بھائی اور ایک بہن ہے۔ میری بہن ناجی سب سے چھوٹی
ہے اسی لیے ہم سب اس سے بہت پیار کرتے ہیں۔ میں چھ دن اسکول
جاتا ہوں اور جمعہ کے دن چھٹی ہوتی ہے۔ بہت زیادہ گرمی کی وجہ سے ہمیں
گرمیوں میں تقریباً بارہ ہفتے کی چھٹیاں ہوتی ہیں۔ میں ان چھٹیوں میں اپنا
زیادہ تر وقت دوستوں کے ساتھ کھیل کود میں گزارتا ہوں یا پھر دادی جان کی
دیکھ بھال کرتا ہوں کیونکہ وہ بہت بوڑھی ہیں اور خود چل پھر نہیں سکتیں۔ میں
اپنے فارغ وقت میں کتابیں پڑھتا ہوں۔

**2 (a)** What do his mother and father do for a living?

..................................................................................................................................

..................................................................................................................................

*(1 mark)*

**2 (b)** Why is Naji the most likeable person in the family?

..................................................................................................................................

..................................................................................................................................

*(1 mark)*

Do not write outside the box

**2 (c)** Why is Nasir's school closed for a long time?

.............................................................................................................................

.............................................................................................................................
*(1 mark)*

**2 (d)** What shows that Nasir is a caring person?

.............................................................................................................................

.............................................................................................................................
*(1 mark)*

**Turn over for the next question**

**4**

Do not write outside the box

**3** This is an advertisement for a live music show.



پیر بارہ دسمبر شام ساڑھے سات بجے شملہ ہال میں ایشیائی موسیقی کا ایک شاندار پروگرام پیش کیا جا رہا ہے۔ اس پروگرام میں پاکستان اور ہندوستان کے مشہور موسیقار حصّہ لے رہے ہیں۔ موسیقی کے ساتھ ساتھ اس شو میں بھنگڑا ناچ اور کچھ مزاحیہ پروگرام بھی پیش کیے جائیں گے۔ شو کے ٹکٹ حاصل کرنے کے لیے ہمیں فوراً فون کریں ورنہ بعد میں مایوسی ہوگی۔ ہال کے باہر گاڑیاں کھڑی کرنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس کے لیے آپ کو پارکنگ ٹکٹ خریدنا ہوگا۔ چونکہ پارکنگ کی جگہیں کم ہیں اس لیے آپ کو جلدی پہنچنا ہوگا۔ اگر آپ بس میں آئیں تو بہتر ہوگا کیونکہ بسوں کا اڈّہ ہال کے بہت قریب ہے۔

Do not write outside the box

Read the following statements about the advertisement.

If you think the statement is true, write (**T**) in the box.

If you think it is false, write (**F**) in the box.

If you think the information is not in the text, write (**?**) in the box.

| | | |
|---|---|---|
| **Example** | The show will start at 7.30 pm. | **T** |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **3 (a)** | Only Pakistani singers will perform in the show. | | *(1 mark)* |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **3 (b)** | There are a few parking spaces available. | | *(1 mark)* |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **3 (c)** | This is a charity show and all the money will be donated to the Human Relief Foundation. | | *(1 mark)* |

**Turn over for the next question**

**3**

**There are no questions printed on this page**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**
**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

Do not write outside the box

**4** This is an advertisement.

## ضرورت ہے

ہماری کمپنی کو کینٹین میں کام کرنے کے لیے ایک تجربہ کار باورچی کی ضرورت ہے اس کے علاوہ اسکول میں بچّوں کو ریاضی پڑھانے کے لیے ایک استانی کی بھی فوری ضرورت ہے۔ کمپنی کی گاڑیاں ٹھیک کرنے کے لیے ایک مکینک اور دفتر میں کام کرنے کے لیے ایک کلرک کی آسامی خالی ہے۔ کمپنی کے ہسپتال میں اگلے ماہ ایک صفائی کرنے والے کی بھی ضرورت ہوگی۔ مناسب تجربہ رکھنے والے خواتین وحضرات کمپنی کے دفتر کو خط لکھیں۔ شکریہ

Which **four** jobs are advertised?


**A**




**B**




**C**



**D**



**E**



**F**



**G**



**H**



Write the letters of the correct answers in the boxes below.

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

*(4 marks)*

4

**Turn over ▶**

Do not write outside the box

**5** You see this advertisement in the window of your local post office.

## مکان کرائے کے لیے خالی ہے

شہر سے تھوڑے سے فاصلے پر ایک مکان کرائے کے لیے خالی ہے۔ اس میں تین سونے کے کمرے، ایک بیٹھک، ایک باورچی خانہ اور دو غسل خانے ہیں۔ دو سونے کے کمرے پہلی منزل پر ہیں اور ایک بڑا سونے کا کمرہ دوسری منزل پر ہے۔ گھر کے پیچھے ایک چھوٹا سا باغیچہ بھی ہے جس میں بچّے حفاظت سے کھیل سکتے ہیں۔ صرف تین ماہ پہلے گھر کی تمام کھڑکیاں اور دروازے تبدیل کیے گئے ہیں اور اس میں نیا قالین اور نئے پردے بھی لگائے گئے ہیں۔ گھر کے پاس ہر طرح کی دکانیں بھی ہیں جہاں سے ضرورت کی ہر چیز مل سکتی ہے۔ گھر کا ماہانہ کرایہ آٹھ ہزار روپے ہوگا جو کرائے دار کو ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو ادا کرنا ہوگا۔ گھر میں سگریٹ پینا منع ہے اور پالتو جانور رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

Read the following statements about the advertisement:

If you think the statement is true, write (**T**) in the box.

If you think it is false, write (**F**) in the box.

If you think the information is not in the text, write (**?**) in the box.

| | | |
|---|---|---|
| **Example** | This advertisement is about a grocery shop. | **F** |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **5 (a)** | There are three bedrooms on the first floor. | | *(1 mark)* |


Do not write outside the box

| | | | |
|---|---|---|---|
| **5 (b)** | Children can play safely in the back garden. | | *(1 mark)* |
| **5 (c)** | All doors and windows were changed three months ago. | | *(1 mark)* |
| **5 (d)** | Monthly rent for the house is eight thousand rupees. | | *(1 mark)* |
| **5 (e)** | Tenants are not allowed to keep pets in the house. | | *(1 mark)* |

**Turn over for the next question**

**5**

**6** Some people have given their opinions about various types of film.



**سعدیہ:** مجھے ڈراؤنی فلمیں دیکھنا اچھا لگتا ہے۔ جب میں بہت
چھوٹی تھی تو ان فلموں کو دیکھنے پر پابندی ہوتی تھی
لیکن اب میرے والدین کبھی کبھی مجھے اس طرح کی
فلمیں دیکھنے کی اجازت دے دیتے ہیں۔



**حسنہ:** مجھے ایسی فلمیں بالکل ناپسند ہیں جنہیں دیکھ کر
انسان پریشان ہو جائے۔ فلم دیکھنے کا اصل مقصد
تو لوگوں کے لیے تفریح مہیّا کرنا ہے نہ کہ انہیں
اُداس کرنا۔ اسی لیے میں وہ فلمیں دیکھتی ہوں
جن میں ہنسی مذاق زیادہ ہو۔



**طارق:** نئی نسل کے اکثر لوگ سائنسی فلموں میں زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں۔
چونکہ سائنس میرا پسندیدہ مضمون ہے اس لیے میں بھی ایسی ہی
فلمیں دیکھتا ہوں جن سے مجھے سائنس سے متعلق نئی نئی باتوں
کا علم ہو سکے۔




**عمران:** اب میری عمر سولہ سال ہے لیکن پھر بھی مجھے کارٹون دیکھنا بہت
پسند ہے۔ اس سے میرا بچپن واپس لوٹ آتا ہے اور پھر ان میں
کوئی مار دھاڑ بھی تو نہیں ہوتی۔ سب چھوٹے بڑے ایک ساتھ
بیٹھ کر ان کا لطف اٹھا سکتے ہیں۔

Do not write outside the box

A




B




C



D



E



F



What kind of films do they like?

Write the letters of the correct answers in the boxes.

**6 (a)** | Saadia | | *(1 mark)*

**6 (b)** | Husna | | *(1 mark)*

**6 (c)** | Tariq | | *(1 mark)*

**6 (d)** | Imran | | *(1 mark)*

4

**7** Local residents have received a notice from the local council.

خیرآباد کے لوگوں کی طرف سے میں کل کے اخبار میں آپ کے نوٹس کا جواب دے رہا ہوں۔ ہمارے علاقے کے پارک کی زمین کے کچھ حصّے پر مکانات تعمیر کرنے کے بارے میں اس علاقے کے لوگ بے حد ناخوش ہیں۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ ہمارے علاقے میں صرف ایک ہی چھوٹا سا پارک ہے جس میں شام کے وقت بچے اپنے والدین کے ساتھ آ کر کھیلتے ہیں۔ علاقے کے اور لوگ بھی تمام دن کے کام کاج سے تھک کر یہاں پھولوں اور سرسبز گھاس سے لطف اندوز ہونے کے لیے آتے ہیں۔ مکانات بن جانے کے بعد یہ سہولت ختم ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ ٹریفک میں اضافہ ہو جائے گا، آلودگی پھیلے گی اور حادثات بھی ہوں گے۔ نئے مکان تعمیر کرنے کے بجائے کونسل کو چاہیے کہ وہ پرانے مکانات کی مرمت کروائے جس سے اس علاقے میں مکانات کی کمی بھی کسی حد تک پوری ہو جائے گی۔ جو پیسہ نئے مکانوں پر خرچ ہوگا اس سے علاقے میں اسپورٹ سنٹر بنا دیا جائے تو زیادہ مناسب رہے گا کیونکہ کتنے سالوں سے علاقے کے لوگ اس کی مانگ کر رہے ہیں۔ امید ہے کہ آپ ہماری باتوں پر غور کریں گے اور نئے مکانات بنانے کی تجویز واپس لے لیں گے۔ اگر ایسا نہ ہوا تو ہمیں مجبوراً عدالت میں جانا پڑے گا۔ آپ کے جواب کا انتظار رہے گا۔

**7 (a)** What is the council's notice about?

.............................................................................................................................

.............................................................................................................................

*(1 mark)*

Do not write outside the box

**7 (b)** Why are people **not** happy with the Council's proposal? Give **two** reasons.

1 ..............................................................................................................................

2 ..............................................................................................................................

*(2 marks)*

**7 (c)** What alternative suggestions are made by the residents? Mention **two** things.

1 ..............................................................................................................................

2 ..............................................................................................................................

*(2 marks)*

**7 (d)** What will happen if the council does not take any notice of concerns raised by the residents?

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

*(1 mark)*

**Turn over for the next question**

6

Do not write outside the box

**8** You see this notice on your school website.

Internet Explorer

File Edit View Favorites Tools Help

Back || Search || Favorites || History ||

Address www.

Search x

# انعامی مقابلہ

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے اسکول میں تقریباً تیس مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں۔ اس لیے زبانوں کو بہت اہمیّت دی جاتی ہے۔ دوسرے ممالک میں جا کر کام کرنے کے لیے وہاں کی زبانوں کا جاننا بہت ضروری ہے۔ جب کہ چینی، فرانسیسی، عربی، اردو، بنگالی اور جرمن زبانیں نصاب کے طور پر پڑھائی بھی جاتی ہیں۔ اگلے جمعے کو اسکول میں زبانوں کا دن منایا جائے گا۔ پورے اسکول میں زبانوں کو فروغ دینے کے لیے اشتہار لگائے جائیں گے۔ اس کے علاوہ ایک انعامی مقابلے کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ اس مقابلے میں حصّہ لینے کے لیے طلبا کو اپنی مادری زبان میں "آزادی" کے موضوع پر ایک مضمون یا نظم لکھنی ہوگی۔ جو طالب علم اس مقابلے میں حصّہ لینا چاہتے ہیں انہیں چاہیے کہ اسکول سے داخلے کا فارم حاصل کریں اور بدھ کے روز تک اپنے لکھے ہوئے مضمون یا نظم کے ساتھ دفتر کو واپس کریں۔ اوّل انعام حاصل کرنے والے طالب علم کو ایک کمپیوٹر دیا جائے گا۔ دوسرے نمبر پر آنے والے کو ایک گھڑی اور تیسرے نمبر پر آنے والے طالب علم کو ایک قیمتی قلم انعام میں دیا جائے گا۔

*Do not write outside the box*

**8 (a)** According to the article why is it important to learn foreign languages?

........................................................................................................................

........................................................................................................................

*(1 mark)*

**8 (b)** What arrangements are made to publicise the Language Day?

........................................................................................................................

........................................................................................................................

*(1 mark)*

**8 (c)** Apart from filling in the entry form, what else do students need to do to enter the competition?

........................................................................................................................

........................................................................................................................

*(1 mark)*

**Turn over for the next question**

**3**

Do not write outside the box

**9** Hassan has written an account of his local area.

ہم اس علاقے میں کافی عرصہ سے رہ رہے ہیں۔ میری تو پیدائش بھی یہیں ہوئی تھی۔ میں اپنے مقامی علاقے کو بہت پسند کرتا ہوں۔ اس کی کئی وجوہات ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ جہاں انسان پلا بڑھا ہو اس جگہ سے اسے قدرتی طور پر پیار ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ میرے بچپن کے تمام دوست اور رشتہ دار بھی تو آس پاس ہی رہتے ہیں۔ اس علاقے میں ہر رنگ اور نسل کے لوگ آباد ہیں۔ ان کی اپنی اپنی زبانیں ہیں، اپنا اپنا رہنے سہنے کا طریقہ اور اپنا اپنا مذہب۔ بس یوں سمجھ لیں کہ میرا علاقہ اپنے آپ میں ایک چھوٹی سی دنیا ہے۔ سب لوگ ایک دوسرے کی عزّت کرتے ہیں اور مشکل وقت میں ایک دوسرے کی مدد بھی کرتے ہیں۔ علاقے کے لوگ کافی مذہبی ہیں اور یہی وجہ ہے کہ یہاں ہر طرح کی عبادت گاہیں ہیں جہاں لوگ اپنے اپنے مذہب کے مطابق عبادت کرتے ہیں۔ لوگ ایک دوسرے کے مذہبی تہواروں میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتے ہیں جس سے لوگوں کے آپس کے تعلّقات بہتر ہوتے ہیں۔ شام کے وقت یہاں لوگوں کا ہجوم ہوتا ہے جس کی وجہ یہاں مختلف قسم کے ریسٹورنٹ ہیں اور لوگ دُور دُور سے آ کر یہاں دنیا کے مختلف کھانوں کا مزہ لیتے ہیں۔ ان تمام اچھی باتوں کے باوجود علاقے کو کچھ مسائل کا سامنا بھی ہے۔ مثلاً یہاں شام کے وقت ٹریفک کا بہت بڑا مسئلہ ہوتا ہے۔ مقامی لوگوں کو اپنی گاڑیاں کھڑی کرنے کے لیے جگہ نہیں ملتی اور بچّوں کے کھیلنے کے لیے کوئی مناسب پارک بھی نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بچے گلیوں میں کھیلتے ہیں اور کئی بار حادثوں کا شکار بھی ہو چکے ہیں۔

**9 (a)** What **two** reasons has Hassan given for liking his local area?

1 ........................................................................................................................

2 ........................................................................................................................

*(2 marks)*

Do not write outside the box

**9 (b)** Why does he say his area is a small world in itself?

..................................................................................................................................

..................................................................................................................................
*(1 mark)*

**9 (c)** What do people do for one another?

..................................................................................................................................

..................................................................................................................................
*(1 mark)*

**9 (d)** What **two** things show that there is religious and cultural harmony in the area?

1 ..............................................................................................................................

2 ..............................................................................................................................
*(2 marks)*

**9 (e)** Why does the area get overcrowded in the evening?

..................................................................................................................................

..................................................................................................................................
*(1 mark)*

**9 (f)** What needs to be done in the area? Mention **two** things.

1 ..............................................................................................................................

2 ..............................................................................................................................
*(2 marks)*

**END OF QUESTIONS**

**9**

**There are no questions printed on this page**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**
**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

Copyright © 2011 AQA and its licensors. All rights reserved.